SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XLI مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.XLI OF 2002

سندھ سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور ادلا بدلی رد) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH GOVERNMENT LAND (CANCELLATION OF ALLOTMENTS, CONVERSIONS AND EXCHANGES) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۲۰۰۱ کے آرڈیننس III کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of Section 2 of Sindh Ordinance III of 2001
۳۔ ۲۰۰۱ کے آرڈیننس III کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment of Section 3 of Sindh Ordinance III of 2001

سندھ آرڈیننس نمبر XLI مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.XLI OF 2002

سندھ سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور ادلا بدلی رد) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲
THE SINDH GOVERNMENT LAND (CANCELLATION OF ALLOTMENTS, CONVERSIONS AND EXCHANGES) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[۲۶ اکتوبر ۲۰۰۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور ادلا بدلی رد) آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور ادلا بدلی رد) آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر نمبر ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور ادلا بدلی رد) آرڈیننس، ۲۰۰۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور ہمیشہ ایسے ہی ۳ جنوری ۲۰۰۱ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۲۰۰۱ کے آرڈیننس III کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of Section 2 of Sindh Ordinance III of

۲۔ سندھ سرکاری زمین (الاٹمنٹس، منتقلی اور ادلا بدلی رد) آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲

2001

۲۰۰۱ کے آرڈیننس III کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment of Section 3 of Sindh Ordinance III of 2001

میں، شق (v) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:

"(v-a) "سرکاری زمین" جس میں شامل ہے سرکار یا ایک خود مختار باڈی کے سمیت قانون کے تحت قائم کردہ ایک ڈولپمنٹ اتھارٹی میں آنے والی زمین۔"۔

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳ میں لفظ "میں" اور لفظ "خلاف ورزی" کے درمیاں لفظ "یا" کو شامل کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا